اثرانگیز ہے۔ پہلی جلد نبی کریمؐ کے احوال، دین ابراہیمی کی تکمیل کے مشن کے لیے جدوجہد، دشمنانِ اسلام سے مقابلہ اور اہلِ مکہ کے مظالم پر مبنی ہے۔ دوسری جلد مدینہ میں اسلامی ریاست کے قیام، اسلامی معاشرے کی تشکیل، دشمنوں کی سازشوں اور آپؐ کی دفاعی، سیاسی اور سفارتی حکمت عملی کی تفصیلات پر مشتمل ہے۔ تیسری جلد عرب میں اللہ کے دین کے مکمل غلبے اور نبی کریمؐ کے مشن کی تکمیل اور رفیق اعلیٰ سے ملاقات کی تفصیلات کا احاطہ کرتی ہے۔ اس طرح مکمل سیرتِ رسولؐ سامنے آجاتی ہے۔

ہر باب کے آخر میں درسی کتاب کی طرح 'تعاون' کے عنوان سے مشکل الفاظ کے معنی دیے گئے ہیں اور ذہنی مشق اور سیرت کے اسباق کو ذہن نشین کرنے کے لیے 'اپنے شاباش کے نمبر لگائیں' عنوان کے تحت مختلف سوالات اور ان کے جواب دیے گئے ہیں۔ رنگین تصاویر اور نقشوں سے بھی کتاب کو مزین کیا گیا ہے۔

دینی مدارس اور اسلامی تربیت کرنے والے اسکول اسے نصاب میں شامل کرسکتے ہیں۔ والدین بچوں کو پڑھوا کر سوالات کرائیں تو ساری زندگی کے لیے سیرت کے واقعات ذہن پر نقش ہوجائیں گے۔(امجد عباسی)

تاج محل سے زیرو پوائنٹ، چودھری محمد ابراہیم۔ ناشر: بیت الحکمت، لاہور۔ ملنے کا پتا: کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۴۰۰۔ قیمت: ۲۲۰ روپے۔

زیرتبصرہ کتاب ایک صاحبِ بصیرت اور ملک و قوم کے لیے دردِ دل رکھنے والے زرعی سائنس دان چودھری محمد ابراہیم کے زورِ قلم کا نتیجہ ہے جس میں انھوں نے بھارت میں اپنے مختصر قیام کے مشاہدات کو قلم بند کیا ہے۔ بقول دیباچہ نگار ''ایک ہفتے میں انھوں نے بھارت کی تاریخ و ثقافت، تہذیب و تمدن، مذاہب و ادیان، معاشرت و معیشت، سیاست و حکمت اور آثار و شواہد کے کتنے ہفت خواں طے کیے، اس کا اندازہ سفرنامے کے تفصیلی مطالعے ہی سے ممکن ہے''۔

پروفیسر عبدالجبار شاکر نے پیش لفظ میں سفرناموں کی پوری تاریخ خصوصاً ہندستان کے سفرناموں کو ایجاز و اختصار مگر جامعیت سے پیش کیا ہے۔(عبداللہ شاہ ہاشمی)